ہدایات وطریقہ کار برائے درخواست حصول قرضہ بذریعہ اخوت اسلامی مائیکر فائنانس

اہل ملازمین کی پہچان

❖ اہلیت چیک کرنے کے لیے ملازم اپنا شناختی کارڈ نمبر بغیر ڈیشز 5771 پر میسج کرے گا۔ اگر وہ قرضہ لینے کیلئے اہل نہیں ہو گا تو اسے تین دن کے اندر جوابی مسیج آجائے گا کہ وہ درخواست دینے کا اہل نہیں ہے، اگر تین دن کے اندر میسج نہ آئے تو وہ اہل تصور کیا جاسکتا ہے۔ لہذا اس کے بعد وہ اپنی درخواست ڈسٹرکٹ ویلفیئر برانچ میں جمع کرواسکتا ہے۔

1. قومی شناختی کارڈ کے حامل پاکستانی شہری۔
2. پاکستان میں پہلے سے موجود ذاتی مالکیت میں کوئی گھر نہ ہو۔
3. درخواست گزار کا پلاٹ، زمین کا مالکتیی ثبوت اور ذاتی حیثیت میں مالک ہونا ضروری ہے۔
4. پلاٹ کا رقبہ 5 مرلہ تک ہو۔
5. کسی بھی بینک یا مالیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو۔
6. معاشرے میں اچھی شہرت کا حامل ہو۔
7. NACTA کی طرف سے بلیک لسٹ نہ ہو۔

ہدایات برائے دفاتر / انچارج ویلفیئر برانچ (ڈسٹرکٹ ویونٹ)

- تمام انچارج (ویلفیئر) صاحبان ماہانہ بنیادوں پر (بیچ وائز) ضلع ویونٹ کی نفری سے صرف مکمل درخواستیں (بعد از تصدیق بمعہ درست کوائف) برائے حصول قرضہ جمع کریں گے اور اپنے دفتر کے سربراہ سے سائن وسٹیمپ کروائیں گے۔
- انچارج ان تمام درخواستوں کی (Data Entry) مہیا کی گئی ایکسل شیٹ (Data Sheet) میں کرے گا اور یہ ایکسل شیٹ آئی جی آفس ویلفیئر برانچ پنجاب کو بذریعہ ای میل ہر ماہ کی 15 تاریخ تک بھیج دے گا۔ دیر سے موصول ہونے والی درخواستیں اگلے مہینے کے بیچ میں شامل کی جائیں گی۔
- اصل سائن وسٹیمپ درخواستیں (Data Entry) کے بعد درخواست گزار کو واپس کر دی جائیں گی۔ اخوت کا متعلقہ اسٹاف خود آپ سے رابطہ کرے گا۔
- اصل سائن وسٹیمپ درخواست، درخواست گزار اپنے ہمراہ اخوت کے دفتر میں لے کر جائیں گے۔
- ایکسل شیٹ آئی جی آفس بھجوانے سے پہلے ویلفیئر سافٹ ویئر میں اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔
- کوئی بھی درخواست براہ راست اخوت اسلامک مائیکروفائنانس کو نہ بھجوائی جائے۔

Applicant And Employment Details (Need to be Verified by Authorized Officer/DPO/Unit Head of Punjab Police)							Other Details						Financing Details		Bank Details	Property Details			Nominated Person Details								
Sr.#	Name of Applicant	Father / Husband Name	CNIC No.	Contact Number	Monthly Salary Income (Rs.)	Employee Code	Current Residential Address	Town	City	Tehsil	District	Province	Purpose of Financing	Amount of Financing Required (Rs.)	Bank Account (Yes/No	Plot Size	Type of Property Title Document	Address of Plot / House	Name of Nominated Person (If any)	CNIC # of Nominated Person	Contact #	Relationship with Nominated Person	Current/Active Financing	If Yes: Name of Organization/Bank/Microfinance Institution	Financing Amount	Outstanding Financing Amount	Verified by Authorized Officer